الماس (شعبہ جاتی تحقیقی مجلّے کا پہلا شمارہ)

مُرتّب: محمّد یوسف خشک
ناشر: شعبۂ اردو، شاہ عبداللطیف یونی ورسٹی، خیر پور سندھ۔
ضخامت: ۱۹۹ صفحات، سنہ اشاعت ۱۹۹۹ء
مبصّر: فہمیدہ شیخ

اس رسالے کے سرپرست اعلیٰ پروفیسر ڈاکٹر رشید احمد شاہ ہیں، جو رسالے کی اشاعت کے وقت شاہ عبداللطیف یونی ورسٹی، خیر پور کے سربراہ تھے، اور اب سندھ یونی ورسٹی کے سربراہ ہیں۔ وہ پہلے بھی سندھ یونی ورسٹی کے سربراہ رہ چکے ہیں، اور تحقیق اور تحقیقی مجلّوں کی اہمیّت سے بخوبی واقف ہیں جس کا اظہار "الماس" کے اجراء سے بھی بخوبی ہو رہا ہے۔ یہ رسالہ شعبہ جاتی تحقیقی مجلّوں کی فہرست میں ایک قابلِ ذکر و قابلِ توجہ اضافہ ہے۔ پہلے شمارے کے ۱۲ مقالات اپنے معیار اور اپنی تعداد کے لحاظ سے ایک اچھے آغاز کی علامت ہیں۔ توقع رکھی جانی چاہیے کہ مستقبل میں یہ رسالہ مزید ترقّی کرے گا اور علمی حلقوں میں اپنی یونیورسٹی کو متعارف کرانے اور منوانے کا سبب بنے گا۔ ان توقعات کے ساتھ ہم اس علمی و تحقیقی مجلّے کے اجراء کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

"اقبال ... علّامہ اقبال کیسے بنے"۔

مُصنّف: گوہر ملسیانی
ناشر: گوہرِ ادب پبلی کیشنز صادق آباد
سنہ اشاعت: اوّل، ۱۹۹۸ء
مُبصّر: رفیق احمد خاں

علّامہ اقبال کی زندگی، فنِ شعر اور فکر و فلسفہ سے مُتعلّق حقیقتوں کی پردہ کُشائی، اب تک، مختلف انداز اور مختلف پہلوؤں سے کی جاچکی ہے، اور طرزِ تحقیق کی نوعیت کی وجہ سے اتفاقات و اختلافات کے متعدّد زاویے بھی سامنے آتے رہے ہیں۔ تحقیقی تجزیے کا یہ سلسلہ ابھی جاری ہے، جو معلومات میں اضافے کا موجب ہے۔

مذکورہ کتاب بھی اسی تسلسل کا حصّہ ہے۔ اس کا موضوع ان عوامل و محرکات کی